BRAMPTON

Media Release

برائے فوری اجراء

سٹی آف برامپٹن کی پہلی ماحولیاتی تقریبات اور گرو گرین ایوارڈز کی تقریب میں شامل ہو جائیں

برامپٹن، آن (14 اپریل 2022) – ارتھ منتھ کے ایک حصے کے طور پر، سٹی آف برامپٹن اپنی پہلی ماحولیاتی تقریبات اور 'گرو گرین ایوارڈز' کی تقریب ارتھ ڈے ویک اینڈ کے موقع پر منعقد کر رہا ہے۔

ماحولیاتی تقریبات اور 'گرو گرین ایوارڈز' کی تقریب 23 اپریل بروز ہفتہ صبح 10 بجے سے دوپہر 2 بجے تک نورٹن پلیس پارک میں منعقد ہوں گی، جو 170 کلارک بولیورڈ پر واقع ہے۔

یہ مفت موقع عوام کے لیے کھلا ہے اور اس میں سٹی آف برامپٹن کے مختلف محکمے، مقامی کمیونٹی گروپس اور غیر منافع بخش تنظیموں کے لیے ماحولیات پر مبنی اس کمیونٹی میلے کے ایک حصے کے طور پر، فطرت کی سیر، خزانے کی تلاش اور کِڈز زون جیسی دلچسپ سرگرمیاں شامل ہوں گی۔ اس موقع کو برامپٹن انوائرمینٹل ایڈوائزری کمیٹی اور برامپٹن انوائرمینٹل الائنس کی حمایت حاصل ہے۔

'گرو گرین ایوارڈز' کی تقریب صبح 11:30 بجے منعقد کی جائے گی، جس میں ایسے نمایاں افراد اور تنظیموں کی کامیابیوں کی خوشیاں منائی جائیں گی جنھوں نے برامپٹن کو ایک صحت مندانہ، ماحولیاتی طور پر قابل استحکام اور لچکدار شہر بنانے کے لیے ماحولیاتی قیادت کا مظاہرہ کیا ہے اور ہمارے قدرتی اور تعمیر شدہ ماحول کو محفوظ کرنے، اسے وسعت دینے اور متوازن رکھنے کے برامپٹن کے گرو گرین وژن میں نمایاں طور پر اپنا کردار ادا کیا ہے۔

'گرو گرین ایوارڈز' کو ARGO ڈیویلپمنٹ کارپوریشن کی جانب سے فراخدلانہ تعاون حاصل ہے۔

اس موقع کے لیے رجسٹریشن درکار ہے۔ مزید جانیں اور www.brampton.ca/earthmonth پر رجسٹر کرائیں۔

ایک گرین سٹی کے طور پر، برامپٹن ماحولیاتی استحکام کی کوششوں اور ماحول پر پڑنے والے مضر اثرات کو کم کرنے میں مسلسل پیش قدمی کر رہا ہے۔ ہمارے سر سبزی کے اقدامات کے بارے میں www.brampton.ca پر جانیں۔

لنکس

- کمیونٹی انرجی اینڈ ایمشنز ریڈکشن پلان
- سنٹر فار کمیونٹی انرجی ٹرانسفارمیشن
- پارک لینڈ ڈیڈیکیشن سٹریٹجی
- اربن فاریسٹ مینجمنٹ پلان
- ون ملین ٹریز
- الیکٹرک بسوں کا مظاہرہ اور انضمام کی آزمائش

اقتباسات

"برامپٹن ایک گرین سٹی ہے اور میں اپنے پہلے ماحولیاتی جشن اور گرو گرین ایوارڈز کی تقریب کا منتظر ہوں۔ یہ اہم موقع ہمارے ماحولیاتی طور پر قابل استحکام شہر اور ہر اس شخص کی اہمیت کو اجاگر کرے گا، جنھوں نے اس کو بنانے میں مدد کی ہے۔ میں ہر ایک کو 23 اپریل کو نورٹن پلیس پارک میں منعقد ہونے والی اس تقریب میں شرکت کی ترغیب دیتا ہوں۔"

- *پیٹرک براؤن، میئر، سٹی آف برامپٹن*

BRAMPTON

Media Release

"یہ کونسل ہمارے شہر کو سرسبز بنانے کے لیے پرعزم ہے۔ برامپٹن کے ماحولیاتی پروجیکٹس کے بارے میں مزید جاننے کے لیے ماحولیاتی تقریبات اور گرو گرین ایوارڈز کی تقریب میں شرکت کریں ، مقامی تنظیموں کے ساتھ بات چیت کریں اور ان کے ساتھ شامل ہو جائیں، بیرونی نظاروں کا لطف اٹھائیں اور ان لوگوں کے کارناموں کی خوشیاں منائیں جو ہمارے ماحول میں ہر روز مثبت تبدیلی لاتے ہیں۔"

- *پال ویسینٹے، چیئر، پبلک ورکس اینڈ انجنیئرنگ؛ ریجنل کونسلر وارڈز 1 اور 5، سٹی آف برامپٹن*

"اپنے اہل خانہ اور دوستوں کو ہمارے پہلے ماحولیاتی جشن اور گرو گرین ایوارڈز کی تقریب میں اپنے ساتھ لائیں۔ ہم 2050 تک برامپٹن میں پیدا ہونے والی گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج کو 80 فیصد تک کم کرنے کے سفر پر گامزن ہیں اور ہمارے رہائشی ہمارے شہر کو صاف ستھرا، سرسبز اور ماحولیاتی طور پر زیادہ قابل استحکام بنانے کے ہمارے مستقبل کے راستے پر رکھنے میں ہماری مدد کر سکتے ہیں۔"

- *ڈوگ وہلینز، سٹی کونسلر، وارڈز 2 اور 6؛ ممبر انوائرنمنٹ ایڈوائزری کمیٹی؛ ممبر، CEERP کمیونٹی ٹاسک فورس، سٹی آف برامپٹن*

"سٹی آف برامپٹن رہائشیوں کو اس بات سے آگاہ رکھنے کے لیے پُرعزم ہے کہ ہم کس طرح ماحولیاتی استحکامیت کو بہتر بنا رہے ہیں اور ماحولیاتی معیار کو بڑھا رہے ہیں۔ ماحولیاتی جشن اور گرین ایوارڈز کی تقریب میں تشریف لائیں اور ایک معلوماتی، خوشیوں سے بھرپور اور سر سبز ہفتہ سے لطف اندوز ہوں۔"

- *پال موریسن، انٹیرم چیف ایڈمنسٹریٹو آفیسر، سٹی آف برامپٹن*

30--

کینیڈا میں تیز ترین رفتار سے بڑھنے والے شہروں میں سے ایک کے طور پر برامپٹن 700,000 سے زائد لوگوں اور 75,000 سے زائد کاروباروں کا گھر ہے۔ ہمارے ہر عمل کا مرکز عوام ہوتے ہیں۔ ہمیں اپنی متنوع کمیونٹی سے توانائی ملتی ہے، ہم سرمایہ کاری کے لیے کشش پیدا کرتے ہیں اور ہم ٹیکنالوجی اور ماحولیاتی جدت میں رہنما کردار ادا کرنے کے سفر پر نکل رہے ہیں۔ ہم اس لیے شراکت داری کرتے ہیں تاکہ ہم ایک ایسا صحت مندانہ شہر بنا سکیں جو محفوظ، قابل دوام اور کامیاب ہو۔ ہمارے ساتھ ٹوئٹر، فیس بک اور انسٹاگرام پر مربوط ہوں۔ مزید جاننے کے لیے www.brampton.ca ملاحظہ کریں۔

میڈیا کنٹیکٹ
سٹی آف برامپٹن ملٹی کلچرل میڈیا
multiculturalmedia@brampton.ca